کی تصانیف کے نام صحیح طور پر درج نہیں ہو سکے۔ مثال کے طور پر صفحہ ۳۰ پر DR. ALEXIS CARREL کا نام غلط لکھا گیا ہے۔

کتابت اور طباعت کا معیار اچھا ہے۔

الفرقان بین اولیاء الرحمٰن و اولیاء الشیطان | مصنف: امام ابن تیمیہؒ

ناشر: المکتبۃ السلفیہ، شیش محل روڈ، لاہور

صفحات: ۱۸۶ قیمت: درج نہیں

زیرِ نظر کتاب اس امت کے صفِ اول کے عالم دین شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے فی الواقع یہ کتاب اولیاء الرحمٰن اور اولیاء الشیطان کے امتیاز کے لیے ایک کسوٹی کا حکم رکھتی ہے۔ ۲۸ فصول پر مشتمل یہ عربی تصنیف بڑی فکر انگیز ہے۔ قرآن و سنت میں دونوں قسم کے اولیاء کی تفریق کی گئی ہے، اسی تفریق کو بنیاد بنا کر امام موصوف نے دونوں گروہوں کی پہچان، خصائص اور مناسب درجہ بندی کر دی ہے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم دیگر انبیاء علیہم السلام، صحابہ کرام اور صالحین کو اولیاء الرحمٰن کے زمرے میں شمار کیا گیا ہے۔ اس کے برعکس کفار، مشرکین، منافقین اہل کتاب اور اہل بدعت کو اولیاء الشیطان قرار دیا ہے۔ یوں امام صاحب کے نزدیک ولایت کسی طبقے سے مخصوص نہیں ہے بلکہ یہ عام ہے اور اس کا معیار ایمان اور تقویٰ کی کمی بیشی کے بسبب گھٹتا بڑھتا ہے۔ وہ خرقِ عادت کو ولایت کی دلیل نہیں مانتے اور اس کا وقوع غیر مسلموں سے بھی ممکن سمجھتے ہیں۔ نیز وہ ولی کو نہ نبی سے افضل تسلیم کرتے ہیں نہ نبی کی طرح معصوم۔ ان کے نزدیک صحیح راہ یہ ہے کہ مجتہدین کے اجتہادات کی طرح اولیاء کے اقوال و احوال کو بھی کتاب و سنت پر پرکھا جائے، جو اس کے موافق ہو، اسے قبول کر لیا جائے اور جو اس کے خلاف ہو اسے رد کر دیا جائے۔ (یعرض امرھم وخبرھم علی الکتاب والسنۃ، فما وافق الکتاب والسنۃ وجب قبولہ، وما خالف الکتاب والسنۃ کان مردودا ۔ ۶۲)

امام موصوف اس بات کی سختی سے تردید کرتے ہیں کہ اطاعتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ

بھی قربِ الٰہی کا کوئی اور ذریعہ ہے۔ متابعتِ محمدیہ کے بغیر قربِ الٰہی پانے کا دعویٰ کرنے والوں کو وہ گمراہ سمجھتے ہیں۔ انہوں نے اس امر کا بھی شدّت سے انکار کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض خاص صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو کچھ خاص قسم کے باطنی علوم و معارف سکھائے تھے جو قربِ الٰہی کے حصول کا خاص ذریعہ ہیں اور ان سے باقی سب صحابۂ کبار محروم رہے جنہیں فقط ظاہری تعلیمات حاصل ہوئیں۔ اس سلسلے میں امام صاحب کا عقیدہ یہ ہے کہ کتاب و سنت ہی اوّل و آخر فیضانِ رسالت ہے اور یہی قربِ الٰہی کے حصول کا واحد ذریعہ۔ اس کے علاوہ ہر قسم کی "باطنیت" محض ضلالت ہے۔

امامِ موصوف نے اولیاء کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو اصل معیار قرار دیا ہے جو شخص آپؐ کی پیروی کرتا ہے وہ اولیاء الرحمٰن میں سے ہے اور جو آپ کی اطاعت سے انحراف کرتا ہے وہ اولیاء الشیطان میں سے ہے۔

اس کتاب کی احادیث مسلّم ہے۔ فہمِ دین کی جو روشنی امامِ موصوف کو میسّر تھی، یہ کتاب اسی کی ایک جھلک ہے۔

المکتبۃ السلفیہ نے اسے بڑے سلیقے سے شائع کیا ہے۔

تاریخِ اسلام حصّہ اوّل و دوم
THE LIFE OF ISLAM

مؤلف: الحاج ایس۔ ایم عبدالحمید
صفحات حصہ اوّل: ۱۲۱ حصّہ دوم: ۱۹۰
قیمت حصّہ اوّل: ۷/- روپیہ حصّہ دوم: ۱۰/- روپیہ
ملنے کا پتہ: دارالاسلام (بیت الاشرف) ۵۔ ای۔ ۸ ناظم آباد (؟) بلاک نگر کراچی ۵

تاریخِ اسلام (حصّہ اوّل و دوم) جناب الحاج ایس۔ ایم عبدالحمید صاحب کی تالیف ہے جو مجلس اسلامی مصنفین ڈھاکہ مشرقی پاکستان کے صدر بھی رہ چکے ہیں۔ یہ اسلامی تاریخ کے واقعات و حالات